ilmkidunya

## Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 7 Short Questions Online Test

Q1. مرغیوں کی نسل کس تناسب سے بڑھتی ہے.

**Ans 1:** مرغیوں کی نسل دو اور چار کے تناسب سے بڑھتی ہے

Q2. ڈاکٹر فضل الباری کون تھے

**Ans 1:** ڈاکٹر فضل الباری وزیر صحت یعنی ڈاکٹروں کے ڈاکٹر تھے

Q3. کفایت شعار لوگ الارم والی ٹائم پیس خریدنے کے بجائے مرغ کیوں پال لیتے ہیں.

**Ans 1:** اس لیے کے ہمسایوں کی سحر خیزی کی عادت رہے.

Q4. مصنف کے خیال میں گندے آنڈوں کا کیا مصرف ہے.

**Ans 1:** مصنف کے خیال میں گندے انڈے ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دگنے داموں بیچے جاسکتے ہیں.

Q5. ابن انشاء مضمون لکھتے ہوئے کس شہر میں تھے

**Ans 1:** ابن انشائ مضمون لکھتے ہوئے سنگا پور میں تھے

Q6. لوک داستان کسے کہتے ہیں.

**Ans 1:** آیسی مقامی زبان کی کہانی جس میں کوئی اخلاقی سبق دیا گیا ہو لوک داستان کہلاتی ہے.

Q7. سفر کے دوران ابن انشاء کے ساتھیوں کا تعلق کن ممالک سے تھا.

**Ans 1:** سفر کے دوران ہمسفروں کا تعلق ترکی اور ایران سے تھا

Q8. آملیٹ بگاڑنے کے لیے کیا چیز درکار ہے.

**Ans 1:** آملیٹ بگاڑنے کے لیے غیر معمولی سلیقہ اور صلاحیت درکار ہے

Q9. ہماری ضیافتوں میں میزبان کے اخلاص کا اندازہ کس بات سے لگایا جاتا ہے.

**Ans 1:** میزبان کے اخلاص اور ایثار کا اندازہ مرغیوں اور مہمانوں کی تعداد اور ان کے تناسب سے لگایا جاتا ہے.

---

Q10. کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے.

**Ans 1:** کبوتر کو امن اور سلامتی کی علامت قرار دیا جاتا ہے

---